SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

March 31, 2017

For immediate release

ایس ای سی پی نے پاک الیکٹران کے حصص کی قیمتوں میں ہیر پھیر کرنے پر سرمایہ کاروں کے خلاف فوجداری مقدمہ دائر کردیا

اسلام آباد(31مارچ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پاک الیکٹرون لمیٹڈ کے حصص کی قیمتوں میں ہیر پھیر کرنے پر بروکریج ہاوس، سیڈر کیپیٹل پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو اور اس کے دو بڑے سرمایہ کاروں کے خلاف فوجداری مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ مقدمہ جمعہ کے روز سیشن عدالت ،ڈسٹرکٹ کراچی میں دائر کیا گیا۔ ملزمان پاک الیکٹران کے حصص کے بڑے بڑے حجم کا لین دین کر کے حصص کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ کرنے اور ناجائز منافع کمانے میں ملوث پائے گئے۔

ایس ای سی پی کی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ سیڈر کیپیٹل پرائیویٹ لمیٹڈ کے صارف سرمایہ کاروں نے پاک الیکٹران کے حصص کے بھاری حجم میں لین دین اور ہیر پھیر کر کے مصنوعی مارکیٹ بنائی اور دیگر سرمایہ کاروں کو ان حصص میں لین دین کرنے کے لئے راغب کیا۔ ایس ای سی پی نے اس تحقیقات کے لئے دو مدتوں کے دوران پاکستان الیکٹران کے حصص میں لین دین کا جائزہ لیا۔ پہلی جائزہ مدت یکم اپریل ۲۰۱۳ سے سولہ اپریل ۲۰۱۳ تک محیط رہی جب کے لین دین کی دوسری مدت سترہ مئی ۲۰۱۳ سے آٹھ جولائی ۲۰۱۳ میں لین دین کئے گئے حصص کا جائزہ لیا گیا۔

پہلی جائزہ مدت کے دوران مشاہدہ میں آیا کہ ملزمان نے پاک الیکٹران کے 13,433,500 حصص کا لین دین کیا جو کہ اس وقت کل حجم کا اٹھارہ فیصد ہے جبکہ دوسری مدت کے دوران پاک الیکٹران کے 19,416,000 حصص کا لین دین کیا گیا جو کہ پاک الیکٹران کے کل زیر گردش حصص کا بائیس فیصد تھا۔ پاک الیکٹران کے حصص میں اتنے بھاری حجم میں لین دین کرتے ہوئے ملزمان نے روزانہ بھاری منافع کمایا۔

اس قسم کی ٹریڈنگ کر کے ملزمان سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج آرڈیننس ۱۹۶۹ اور سکیورٹیز اینڈ کمیشن رولز ۱۹۷۱ کی خلاف ورزی کی۔